ماهوار

مجلهٔ نجم باختر

جلد پنجم ❊ شهر الاسماء و شهر العزة سنة ۷۱ بدیع – ماه سپتامبر سنه ۱۹۱۴ میلادی ❊ شماره نهم ۹

قسمت فارسی

قد ظهر یوم المیعاد

بقلم مبارک حضرت شوقی ربانی
ترجمه از انگریزی

(دنباله پیام بر شماره ۷)

و نیز میفرمایند :-

اگر آنچه بر جمال قدم وارد شده نقل شود سر بجبال نهی و ناله و فغان آغاز نمائی و در حین ندبه بر سر خویش زنی و چون مار گزیده از شدت خیش فریاد بر آری ...... بحقیقت خدا هر صبحگاه که سر از فراشش بر داشتم عساکر محن و بلایای لا تحصی مشاهده مینمودم که لفنای باب هجوم نموده و هر شبانگاه که سر ببالین مینهادم قلب از شدت هموم و آلام و مظالم وارده شرحه شرحه میگشت ! هر لقمهٔ نانی که جمال قدم میل مینماید بلای جدیدی توام و با هر قطرهٔ آبی که مینوشد تلخ ترین مصائب و آلام ممزوج در هر قدمی که بر میدارد لشکر بلایای غیر منتظره پیشاپیش در حرکت و در قفا افواج هموم و غموم روانست (ترجمه)

آیا آنحضرت نبود که در اوان شباب بین بیست و هفت سالگی طوفانا مانند یک نفر از پیروان عادی برای اعلای امر حضرت باب قیام فرمود ؟ آیا آنحضرت نبود که نظر بتصدی مقام پیشوائی یک حزب مطرود مظلوم خود و کسان و املاک و جاه و نام خویش را در معرض خطرات شدیده و حملات خونین و نهب و غارت کلی و افتراق و تشتت و دولت و ملت قرار داد ؟ آیا حامل چنین وحی الهی نبود که یوم ظهورش را کل انبیاء اخبار فرموده . (ترجمه) و در دنیا هر یک از مرسلین تشنهٔ آن بوده (ترجمه) و در آن خداوند قلوب جمیع انبیاء و مرسلین را آزموده است (ترجمه) آیا حامل چنین وحی الهی نبود که بتحریک علمای شیعه در زندان پادشاهی محبوس شد چهار ماه تمام با پست ترین مجرمین در زیر ثقل فادح سلاسل و اغلال هوای متعفن سیاه چال پر از حشرات طهران را استنشاق نماید ؟ همان هیکلیکه بفرمودهٔ حضرتش بنحوی اسرار آمیز مبدل بمحل نزول سروش غیبی گردید .

در لوح ابن ذئب میفرمایند :-

"ما را بردند و چهار شهر در مقامیکه شبه و مثل نداشت مقر معین نمودند اما حین که محل مظلوم و مظلومان بود فی الحقیقه دخمهٔ تنگ تاریک از آن افضل بود ..... اما محل تاریک و معاشر قریب صد و پنجاه نفس از سارقین اموال و قاطعین طرق بود مع این جمعیت محل منفذ نداشت جز طریقیکه وارد شدیم اقلام از وصفش عاجز و روائح منتنه اش خارج از بیان و آن جمع اکثرشان بی لباس و فراشش الله یعلم ما ورد علینا فی ذالک المقام الانتن الاظلم (دکتر ج-۱-اسلمنت مینویسد)

حضرت عبد البهاء وضع تشرف خویشرا بحضور مبارک در زندان که اولا از ایام بین از تحصیل اجازه واقع شد و بزیارت والد محبوب شان هنگامیکه برای تنفس روزانه بیرون تشریف آورده بودند فائز گشتند چنین بیان میفرمایند جسم مبارک در نهایت ضعف و بکلی تغییر کرده بود . صحت بقسمی منحرف که قادر بمشی نبودند محاسن مبارک نامرتب و شعرات پریشان . از گردن مبارک از فشار سلاسل و اغلال نمایان .

دیکل مبارک از ثقل غل و زنجیر نحیف و ناتوان. جمیل در تاریخ خود مینویسد که سه شبانه روز هیچگونه اکل و شرب بحضرت بهاءالله داده نشد - راحتی و خواب هر دو غیر میسور، محل پر از حشرات و عفونت آن محل تاریک کافی بود روحیه کسانی را که محکوم بتحمل شدائد آن بودند از بین ببرد شدت مصائب وارده بحدی بود که آثار آن ظلم و شقاوت در تمام مدت حیات بر بدن آنحضرت باقی بود -

حال ببینیم مصیبت های دیگری که قبل و یا فاصله بعد از این حادثه وحشتناک بر آن حضرت آمد چگونه بود؟ از جمله حبس در خانهٔ یکی از کدخداهای طهران سنگسار نمودن آنحضرت در نزدیکی قریه نیالا که بطرزی وحشیانه بدست جماعتی خشمگین انجام گرفت حبس و گرفتاری از طرف مامورین قشون پادشاهی در مازندران چوبکاری آنحضرت در آمل بفتوای سادات و مجتهدین و در حضور ایشان در حینیکه حضرت بهاءالله از طرف مامورین حکومت به آنان تسلیم گردیده بودند سب و لعن اراذل و اوباش در تعقیب آنحضرت بهتان عجیبی که پس از واقعهٔ سوء قصد بناصرالدین شاه خانواده سلطنتی و درباریان و مردم بآنحضرت وارد آورده اند اهانت و هتک حرمت حضرت و همسر او و استهزاء او پس از دستگیری حضرتشان از طرف مصادره نمودن و بردن از نیاوران سربرهنه و پای برهنه پیاده با زنجیر در آفتاب سوزان تابستان پیاده تا چال طهران و حرص و ولع مامورین شبه کار هنگام غارت خانه ایشان و تالان و تاراج تمام ثروت و دارائیشان صدور فرمان ظالمانه که بپای ایشان و دسته کوچک تابعان پریشان و بی سرپرست معظم له اب جلای انداخت و حضرتشان را از یار و دوستان دور ساخت و در بحبوحهٔ زمستان مسلوب المال و هتوک الشأن بعراق عرب تبعید نمود این مصائب متوالی که با این سرعت حیرت آور در نتیجهٔ عداوت عمدی و تحریکات ارباب سلطنت و علمای مذهبی و دولت و ملت وارد می آمد هرچند شدید بود ولی با اینحال دیباچه اسارت و سرگونی طولانی گردید که فرمان پادشاهی رسماً آنرا آغاز نمود این اسارت که بیش از چهل سال بطول انجامید متناوباً آن وجود مبارک را بعراق و سلیمانیه و اسلامبول و ادرنه و بالآخره بزندان عکا کشانید تا اینکه صعود آنحضرت در سن متجاوز از هفتاد و سالی نفی و سرگونی را که از حیث کیفیت و طول مدت و تنوع و شدت مصائب وارده در تاریخ ظهورات سابقه نظیر نداشته پایان بخشید. در اینجا بشرح و تفصیل حوادث متفرقه که تاریخ تأثر انگیز آن سنین را تیره ساخته احتیاجی نیست و نیز بشرح احوال و اعمال اولیای مردم و زمامداران امور و علمای دینی که در تشدید این وقایع شرکت داشته و مناظر هولناکی بوجود آورده اند که بزرگترین داستان عجیب که تاریخ روحانی عالم را تشکیل میدهد احتیاجی نیست.

مناظر برجستهٔ این فاجعهٔ شگفت آور

شمردن بعضی وقایع برجستهٔ این فاجعهٔ شگفت آور برای خوانندهٔ این صفحات که مطلع بر تاریخ امر باشد کافی است تا سوانحی را که برای امر پیش آمده و دنیا با چنان برودت و عدم اعتنای حیرت آور بآن ناظر بوده بخاطر آورد انزوای اجباری و ناگهانی حضرت بهاءالله در کوههای سلیمانیه و نتایج حزن آوری که از این دو سال گوشه گیری بوجود آمد تحریکات متوالی که علمای شیعه در نجف و کربلا با مشارکت دائمی معاندان خود در ایران بپا میکردند تشدید اقدامات ظالمانهٔ سلطان عبدالعزیز که منجر بعصیان چندتن از معاریف جامعت تبعید شدگان گردید. اجرای دستور دیگری از جانب سلطان راجع به تبعید هیکل مبارک به ابعد و اخرب بلاد که بالنتیجه چنان یأسی در بین آن جمع تولید کرد که دو نفر از آنجا بدست خویش جان خود را فدا نمودند مراقبت بدون وقفه که پس از ورود بعکا از طرف مأمورین بخواه و دولتی نسبت بآنها مرعی میشد و حبس غیر قابل تحمل در قشلهٔ آن شهر که دو سال طول کشید مجالس استنطاق که پاشای عثمانی بعداً برای زندانی خود در مرکز حکومت فراهم آورد. محبوبیت هشت سال تمام در بیت کوچکی که در وسط بنای ناسازگار آن شهر واقع بود و تنها تفریح آنحضرت مشی در آن اطاق تنگ بود. ابنا و نقض اینگونه مصائب از طرفی ثابت میکند چه نوع بلایا و رزایائی بر آن وجود مقدس وارد آمده و از طرف دیگر نشان میدهد که صاحبان قدرت چگونه بعضی نسبت بآنحضرت بدرفتاری پیشه ساخته و بعضی دیگر از روی اراده و میل از مساعدت و کمک خودداری کردند.

بنابراین تعجبی ندارد از قلم کسی که با اینهمه صبر و شکیبائی تحمل این متاعب فرموده این کلمات صادر شده باشد "رب ما ترنی و مالا تری اینکه ای جمیع بندگان ظهور نموده و وجود مبارکش بچنان زحمت و مصیبتی مبتلا گشته که اگر تمام دریاهای عالم از آنچه مشهود و غیر مشهود است مرکب و تمام کائنات قلم گردد و تمام کسانیکه در روی زمین و آسمانند کاتب شوند بطور قطع و یقین از عهدهٔ شرح آن بر نیایند - (ترجمه)

" الّا فی اکثر ایامی کنت کعبد یکون جالساً تحت سیفٍ عُلّق بشعرة واحدة و لم یدر متی ینزل اینزل فی الحین او بعد حین" از ناس این زمان جز زخم سنان ندیده ام و غیر سم قاتل چیزی نچشیده ام. هنوز اثر حدید بر گردن باقی است و هنوز علائم جفا از

چون ظاهراً بسلاطین مسیحی خطاب میفرماید:

« یا ایّها الملوک قد قضت عشرین من السّنین وکنّا فی کلّ یوم منها فی بلاءٍ جدید وورد علینا ما لا ورد علی احد قبلنا ان انتم من السّامعین بحیث قتلونا وسفکوا دمائنا و اخذوا اموالنا وهتکوا حرمتنا و انتم سمعتم اکثرها وما کنتم من المانعین بعد الّذی ینبغی لکم بان تمنعوا الظّالم عن ظلمه وتحکموا بین النّاس بالعدل لیظهر عدلکم بین الخلائق اجمعین »

اکنون میتوان سؤال نمود کدام پادشاه بود که پس از طلوع این ظهور مبین خواه در شرق وخواه در غرب عالم موفق شد صدای خود را در ستایش این ظهور اعظم و یا برعلیه آنانکه نسبت باو آزار واذیّت روا میداشتند بلند نماید؟ کدام ملّت بود که در طیّ این اسارت طولانی برای جلوگیری از این امواج مصائب قیام نمود؟ کدام سلطان باستثنای ملکه ای که در افق جلال مید رخشید ندای پیچ حضرت بهاءالله را اجابت کرد؟ کدام یک از اعاظم روی زمین نسبت باین امر نوزادالهی با تصدیق وتائید خود خواست کمک نماید؟ کدام یک از جماعات و احزاب ونژادها وشعوب وطبقاتِ مختلفه دنیا بعنوان افکار متفاوته لازم دانستند که نظر خود را بسوی نورِ تابانِ این امر متوجه ساخته ویا با اصولِ مدنیه آن بدقّت نگریسته و در روشِ اسرار آمیز آن تعمّق کرده و رسالتِ گرانبهای آنرا قدر دانسته وقدرتِ حیات بخشنده آنرا بشناسند وحقیقتِ نجات دهندهٔ آن گرویده و مبادیِ اصلی آنرا اعلان نمایند؟ کدام یک از رجال معروف بدانش وعرفانِ جهان میتوانند بحقیقت ادّعا کنند که پس از گذشتن قریب یک قرن توانسته است بیطرفانه بحقیقتِ امرِ الهی پی برده و بیغرضانه دعوتش را مورد دقّت قرار داده وبقدر کفایت زحمت کشیده و معارفِ او را غور کرده و سعی بلیغ نموده باشد که حقایق را از تصوّرات تمیز دهد و بالآخره آنطور که شایسته است نسبت بامر مبارکش نظری اتّخاذ کرده باشد؟ گویا هستند آن پیشروانِ علوم بغیر از چند مورد استثنائی که برای دفاع باستائش از امر یکه موهبت گرانبهای عالم بوده و آزار واذیّت لا یطاق بدان وارد آمده وبرای رنجهای عذاب کشیده و در ماند نوید آینده درخشان در بردارد یک کلمه موافق بر زبان رانده باشند براموال مکن و رزایائی که به حضرت اعلی وارد آمده وبر اسطار مصائب طولانی که بر حضرت بهاءالله باریده و همچنین بر انزوائی که مستمرّه

بوستنس امر بهائی اعلان فرموده بایدید بلایائی که در مدّت هفتاد سال حضرت عبدالبهاء تحمّل فرموده وهمچنین نصایح ووصایائی که در آخرین ایّام حیاتِ خود درباره مخاطرات دائم التزاید یکه جامعهٔ بشریت را تهدید میکند اضافه می نمود آنحضرت در همان اوان تولد امر حضرتِ اعلی متولّد گردید با آتش اذیّت وآزاری که امر نوزادِ او را احاطه کرده بود تعمید یافت و در سنّ هشت سالگی شاهد وناظرِ انقلاباتِ مهمّی گردید که امری را که پدرِ بزرگوارش پیروی میکرد از ریشه تکان داد و در اهانات وخطرات ومشقّات حاصله از سرگردانیهای متوالی از موطن اصلی کشور های بعیده شریک پدرِ خویش بوده و پس از وروود بعکّا در یک اطاق تاریک گرفتار ومحبوس گردید. بار حقارت حبس واسارت را برخود هموار نماید اوّل در دورهٔ حکومت سلطان عبدالحمید وپس از آن در زمانِ حکومتِ استبدادی وخطای جمال پاشای ظالمین موردِ خونخوار مورد استنطاقهای پیاپی وهدف حملات ولطمات داخلی قرار گرفته وبالآخره مقدّر چنان بود که آن مرکز ومحور عهد ومیثاق بی نظیر حضرت بهاءالله وشمل اعلای نقالیش هم از دستِ امرای جابره وعلمای دین ودول وملل آن جام مصائبی که حضرت باب وحضرت بهاءالله وگروه بسیاری از پیروانشان نوشیده بودند بچشند. نفوسیکه برای ترویج امرِ جمال مبارک در اقطار غربیه میکوشند بخوبی با انذاراتی که حضرت عبدالبهاء کتباً وشفاهاً در الواح و نطقهای بیشمار در دورهٔ حبس طولانی و در طیّ مسافرت های بعیده بقارهٔ اروپا وامریکا فرموده آشنا میباشند چه بسا اوقات آنحضرت با کمال اشتیاق از اولیای امور وعامّهٔ مردم دعوت فرموده که بیغرضانه اصول وتعالیم منزله از طرف پدر بزرگوارش را موردِ دقت قرار دهند با چه دقّت و تأکیدی اصول ومبانی را که مشغول ترویج آن بود تشریح ومبادی اساسی آنرا توضیح وعلائم مشخصهٔ آنرا تعیین میفرمود واصول فلاح ونجاح آنرا اعلان مینمود با چه تأکیدی هرج ومرج تهدید کننده وانقلابات ونائره اختلافات عمومی که فقط در سالیان اخیر عمر شریفش قوت میگرفت وحضای تصادم را بر جامعهٔ بشری نشان میداد پیشگوئی میفرمود.

آنحضرت در آلام ومحن وتأثّرات قلبیه وارده بر حضرت باب وحضرت بهاءالله شریک وسهیم گردیده و نتیجه وثمره که بدست آورد بهیچوجه باسائل جلیله شدیده وارده بر آنحضرت تناسب نداشت. اوّلین اضطرابات ... عقلی ودلسوزی که برای جامعهٔ انسانی غافل از خدا پیش آمد متحمّل گردید با تأثّرات ساخوردگی وپریشانی تار وغبار آلود از طغیان ... غافل از امر پدر بزرگوارش وقلبی بر این وخونین از سرنوشت مشوم زندانِ مجموعه هذا عاقبت هیکل مقدّس در زیر ثقل مصائب ومتاعب

صفحه از تاریخ

ملّا مهدی کندی و برادرانش

از مشاهیر مؤمنین طهران ملا مهدی و ملا باقر و میرزا اشرف والدشان حاجی ملا علی محمد از ملاهای قریهٔ کند بود و ملا مهدی و ملا باقر از آغاز رشد شائق تحصیل علوم رسمیه و دخول در سلک ملائی شدند تحصیلات را در طهران بانجام رسانیدند و سکونت در مدرسه داشته با امامت جماعت مشغول گشتند و نیز در سرای اعاظم تعلیم و تدریس نوادگان مینمودند و ملا مهدی چندی در بیت اقدس ابهی بتعلیم خردسالان افتخار یافت و غالباً بدرک محضر انور فائز گشت و هر دو برادر در سال نخست از ظهور بدیع بعرفان و ایمان رسیدند و با مشاهیر مؤمنین و اصحاب معاشرت جستند تا چون هنگامهٔ قلعهٔ مازندران اتفاق افتاد بنصرت اصحاب شتافتند و بالآخره در زمرهٔ شهداء طبرسی قرار گرفتند و ذیلاً در مهدی نقل قول از آقا میرزا موسی کلیم حکایتی باین مضمون نوشت که در بحبوحهٔ ارتفاع هنگامهٔ قلعه یکی از غلامان شاهی فرمان جدیدی از طهران بمازندران برای مهدی قلی میرزا برد. غلام مذکور چون کندی بود و با ملا مهدی سابقهٔ آشنائی و دوستی داشت از شاهزاده اجازه گرفته بعزم قلعه برای ملاقات و نصیحت اخوان رفت تا ایشان را از فتنه و خطر بیرون آورده خلاص و آزاد سازد و همینکه بعقب دیوار قلعه رسید پاسبانان را ندا کرده گفت بملا مهدی خبر دهید که یکی از آشنایان کندی شما را بملاقات میطلبد و ملا مهدی آگاهی حاصل کرده از حضرت قدوس اجازه گرفته برای ملاقات و مکالمه حاضر شد و غلام مذکور پس از مقداری صحبت با او مراجعت بازدید نموده بطهران برگشت و کیفیت ملاقات و مکالماتش را برای جناب کلیم باین مضمون بیان نمود که ملا مهدی مانند شیر غضبان بالای حصار قلعه برآمد در حالتیکه شمشیری حائل کرده دستمالی سفید بر سر بسته پیراهن سفید بلند پوشیده کمر را محکم بسته بود و بمن خطاب کرده گفت چه مدعا داری هرچه خواهی زود بگو چه از آن ترسم خدمتی رجوع شود و من محروم مانم و مرا از مشاهدهٔ هیئت و حالتش رعب و هیبتی عارض شد که نزدیک زبانم بسته شود و از تکلم باز مانم در آنحال بفکرم رسید و فرزند صغیرش رحمان نام که در کند دیدم بخاطر آمد خواستم رحم و شفقتی در او حادث شود فی الفور گفتم از جانب پسرت پیامی آورده ام گرامی پدر پدر گستر محبت بابت کجا رفت که ما را چنین تنها و بی پرستار و گریان و زار گذاشتی. ملا مهدی جواب گفت اگر او را بینی بگو که محبت رحمان حقیقی آمده قلبم را مملو نموده جای خالی نگذاشت تا محبت رحمان مجازی بگنجد و این سخن چنان در من اثر کرد که بی اختیار اشک از دیدگانم جاری شد گفتم که خدا لعنت کند کسانی را که بغیر حق بر شما ظلم و جفا نمودند. آنگاه بنوع مزاح گفتم ای ملا مهدی اگر من بقلعه داخل شوم تو چه خواهی کرد. جواب داد اگر بجستجوی راه حق وارد شوی هدایت نمایم و اگر بسابقهٔ آشنائی بیائی بموجب اکرموا الضیف ولو کان کافراً بخدمتت کمر بندم و آنچه از علف جوشانده و استخوان سوزانده دارم بر طبق اخلاص نهاده نزدت حاضر نمایم و اگر بسر نزاع و جدال قصد جنگ و قتال باشی بحکم دفاع با همین شمشیر بیک ضربت سرت را بجایت اندازم و تنت را از قلعه بزیر افکنم

پس من از استماع آن مقال و مشاهدهٔ احوال ثبات عقیدت و استقامتی در او دیدم که فصحای عالم از بیان عاجز و سلاطین جهان از افعالشان زبون و ناتوانند و باو گفتم شیر ما در حالت باو اکنون حسب رسالت ناچارم پیام شاهزاده را بشما ابلاغ دارم چه بقرآن سوگند خورده که هر آنکه از قلعه خارج شود جانش در امان است و خط آزادی و مصارف راه میدهند تا بخانهٔ خویش رفته آسایش نماید. ملا مهدی گفت عین این پیام را بجمیع اصحاب میرسانم تا هر که مایل است از قلعه بیرون رود و حال چون وقت تنگ است میروم اگر سخنی دیگر داری بگو. گفتم سخنی دیگر نیست بعد که خدا معین و ناصرت باد و ملا مهدی رفت در حالیکه با خود میگفت اگر خدا شفیق ما و مرهم نصیب و جگر ما از زندان وضیع و دهن کند بایوان رفیع و چون میرسیدم و شنیدم که میان قلعه بصوت بلند پیام شاهزاده را باصحاب ابلاغ نمود و این باعث شد که در همان روز سید مقتول قمی و روزی دیگر آقا رسول بهنمیری از قلعه بیرون رفتند و باجمله ملا مهدی و ملا باقر بشهادت فائز شدند ولی برادر کهترشان میرزا اشرف که نیز از مؤمنین بود در ورود بقلعه توفیق نیافته از مخاطر و مهالک مصون ماند و سالها بعد از شهادت کبری در طهران میزیست و فتن و مصائب دیگر را تحمل نمود و ما شرح احوال او و خاندانش در بخش ششم مینگاریم ؛

(نقل از بخش سوم کتاب ظهور الحق)

فرمانِ اتّحاد

ترجمہ لوحِ مبارک حضرت بہاء اللہ جل اسمہ الاعلیٰ

اس کے نام سے شروع جس کے نام سے ملأ اعلیٰ کے دل زندہ ہوجاتے ہیں

تو پاک ہے اے میرے خدا! اے میرے معبود! تو مشاہدہ فرماتا اور دیکھتا ہے کہ میں تیرے بندوں میں کس طرح مبتلائے تکلیف ہوں۔ حالانکہ میں تیرے اس دروازے کے آگے جسے تو نے اپنی زمین و آسمان والوں کے لئے کھول دیا ہے عاجزی کے سوا اور کچھ نہیں چاہتا۔ اور میں نے تیرے بندوں کو وہی حکم دیا ہے جو تو نے مجھے دیا اور سب کو اسی چیز کی طرف دعوت دی ہے جس کے لئے تو نے مجھے مبعوث فرمایا ہے۔ تیری عزت کی قسم۔ میں کسی طرح بھی کسی پر برتری کا خواہشمند نہیں ہوں۔ اور جو کچھ تو نے مجھے اپنی بخشش و عنایت سے عطا فرمایا ہے۔ میں اس کی وجہ سے بھی کسی پر فخر کرنا نہیں چاہتا۔ کیونکہ اے میرے خدا! تیرے ظہور کے سامنے میں اپنا کوئی ظہور نہیں پاتا ہوں اور تیرے اذن و ارادے کے بغیر کسی امر کا وجود نہیں دیکھتا۔ بلکہ ہر وقت میرے دل کے اندر سے یہ آواز آرہی ہے۔ کاش میں وہ مٹی ہوتا جس پر تیرے مخلص دوستوں اور مقرب بندوں کے چہرے تیرے حضور سربسجود ہوتے۔ اگر کوئی سننے والا میرے اعضا و ارکان کی طرف بتوجہ تمام کان لگائے تو میرے ظاہر و باطن اور میرے دل اور میری زبان اور میری رگ رگ سے اور میرے اعضا سے یہی بات سنے گا کہ کاش مجھ سے وہ چیز ظاہر ہو جس سے ان لوگوں کے دل خوش ہوجائیں جنھوں نے میرے پروردگار بزرگ و برتر کے ذکر کی حلاوت اور مٹھاس چکھ لی ہے۔ اور کاش میری پکار سے کوئی تیرے امر کی عظمت و جبروت اور تیرے عرفان کی بادشاہی کے بلند مقام پر پہنچ جائے۔ اے وہ کہ تیرے بقا کی بادشاہی اور تمام عالم ہستی تیرے ہی اختیار میں ہے۔ اور میں یہ کہتا ہوں کہ اے اہلِ جہان میری طرف آؤ، میری طرف آؤ تو اس سے میرا مقصد صرف تیرا وہ امر ہوتا ہے جسے دیکر تو نے مجھے ظاہر و مبعوث فرمایا ہے تاکہ سب لوگ تیرے مقامِ وحدانیت اور تیرے برتر مرکزِ فردانیت کی جانب متوجہ ہو جائیں۔ اور اے محبوبِ بہاء اے مقصودِ بہاء تو جانتا ہے کہ بہاء تیری محبت و رضا کے سوا کچھ نہیں چاہتا۔ اور وہ چاہتا یہ ہے کہ تو اپنے بندوں کے دلوں کو نفس و ہوی کے اشارات سے پاک صاف کردے اور انھیں بقا کی بستی میں پہنچا دے تاکہ وہ سب تیرے امر میں متحد ہوجائیں اور تیری رضا کی شریعت پر مجتمع ہوں۔ اے میرے محبوب! مجھے تیری عزت کی قسم۔ اگر تو مجھے ہر آن نئی نئی بلا میں مبتلا کرکے عذاب دے تو یہ بات مجھے زیادہ پسند ہے بہ نسبت اس کے کہ تیرے دوستوں کے درمیان ایسی چیز پیدا ہو جو اُن کے دلوں کو کدر کردے اور ان کے اجتماع کو پراگندہ کردے۔ کیونکہ تو نے مجھے اسی لئے مبعوث فرمایا ہے کہ میں انھیں تیرے اس امر پر متحد کردوں جس کے مقابلہ میں آسمان و زمین کی مخلوق کھڑی نہیں ہوسکتی۔ اور تیرے ماسواسے ان کو ہٹادوں اور تیری کبریائی کے بلند اُفق کی جانب ان کا رُخ کردوں اور تیری رضا کی سمت انھیں متوجہ بنادوں۔ اب اے میرے خدا! اپنی پوشیدہ عنایت کی بدلی سے ان پر وہ چیز نازل فرما جو انھیں تمام ظنوں اور بشریت کی جکڑ بندیوں سے پاک اور آزاد کردے۔ تاکہ ملأ اعلیٰ ان سے تقدیس و بے نیازی کی خوشبو پائیں۔ پھر اے میرے خدا انھیں اُس توحید کی توفیق و تائید عطا فرما جسے تو چاہتا ہے یعنی کہ جب کوئی کسی پر نظر ڈالے تو اس تجلّی کو دیکھے جو تو نے ہر شخص پر اس ظہور میں نمودار کی ہے جس کا عہد تو نے ذکر و بیان میں تمام عالم ہستی کے باشندوں سے لیا ہے اور جو کوئی اس برتر، بلند تر مقام اور اس بڑی اور نورانی شان پر نظر رکھیگا وہ کسی کے مقابل تکبّر نہیں کریگا۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو اس مقام سے فائز ہیں وہ آپس میں مدح و ریحان سے زندگی بسر کرتے ہیں اور یہ ہے وہ توحید جسے تو نے ہمیشہ اپنے مخلص بندوں اور مقرب لوگوں کے لئے پسند فرمایا ہے۔ تو اب اے بادشاہوں کے بادشاہ! میں تجھ سے تیرے اُس نام کے ذریعے جس سے تو نے محبت و دوستی کی شریعت جاری فرمائی ہے درخواست کرتا ہوں کہ میرے دوستوں میں وہ چیز پیدا کردے جو انھیں ہر شان میں متحد بنادے۔ تاکہ تیری مخلوق کے درمیان تیری توحید کے نشان نمودار رہیں۔ تیری مملکت میں تفریدکے ظہورات نمایاں ہوں اور یقیناً تو مقتدر ہے جو کچھ چاہے کرسکتا ہے۔ تیرے سوا کوئی خدا نہیں تو سب کا نگران اور سب کو قائم رکھنے والا ہے۔

قلم اعلیٰ فرماتا ہے۔ خدا کے دوستو! ان مسلسل مصیبتوں اور پے درپے بلاؤں کے برداشت کرنے کا مقصد یہی ہے کہ خدا پر یقین رکھنے والے کمال اتحاد سے ایک دوسرے کے ساتھ ایسا سلوک کریں کہ اختلاف، دوئی اور غیریت درمیان سے محو و نابود ہوجائے۔ بجز ان خاص حدود کے جو خدائی کتابوں میں نازل ہوئی ہیں۔

دانا بینا انسان پر کسی امر میں نقص وارد نہیں ہوتا۔ اور جو کچھ تکلیف آتی ہے وہ اس کی عظمتِ شان اور پاکی فطرت کی دلیل ہوتی ہے۔ مثلاً اگر کوئی شخص خدائی دوستوں کے لئے فروتنی اختیار کرے تو اصل میں یہ فروتنی خدا کے لئے ہی ہوگی۔ کیونکہ یہ اسی نظر سے ہے کہ وہ شخص جس کے سامنے فروتنی اختیار کی گئی خدا پر ایمان رکھتا ہے۔ اس صورت میں اگر طرفِ مقابل فروتنی کرنے والے کی طرح سلوک نہ کرے یا تکبر کرے، دانا بینا انسان تو اپنے عمل کی بلندی اور جزا حاصل کر لیتا ہے اور طرفِ مقابل کے عمل کا ضرر خود اُسی کو پہنچتا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی کسی کے مقابل تکبر کرے تو یہ تکبر بھی خدا کے مقابل ہوتا ہے۔ اے اہلِ نظر! ہم اس عمل سے خدا کی پناہ مانگتے ہیں۔ اسمِ اعظم کی قسم! نہایت افسوس ہے اگر ان دنوں کوئی شخص عارضی اور فانی حالتوں پر اپنی نظر کو محدود رکھے۔ خدا کے امر پر قائم ہو جاؤ اور ایک دوسرے کے ساتھ نہایت محبت کا سلوک کرو۔ محض چہرۂ محبوب کی خاطر نفسانی پردوں کو احدیت کی آگ سے جلا ڈالو۔ شگفتہ اور بشاش چہروں کے ساتھ آپس میں زندگی بسر کرو۔ تم سب حق کے طریقوں کو دیکھ چکے ہو کہ کبھی بھی یہ پسند نہیں ہوا کہ ایک رات ایسی گذری ہو جبکہ احبائے الٰہی میں سے کسی کا دل اس غلام سے آزردہ ہو۔ تمام جہان کا دل کلمۂ الٰہی سے شعلہ ور ہے۔ نہایت افسوس ہے کہ تم اس آگ سے مشتعل نہ ہو۔ انشاء اللہ ہم امید رکھتے ہیں کہ اس مبارک رات کو شبِ اتحاد قرار دو گے اور سب ایک دوسرے سے متحد ہو جاؤ گے اور اچھے قابلِ تعریف اخلاق کی زینت سے آراستہ ہو جاؤ گے اور تمہارا عزم یہی رہیگا کہ کسی نہ کسی کو غرقابِ فنا سے نکال کر بقا کی راہ پر ڈال دو اور بندوں کے درمیان اس قسم کی رفتار رکھو گے کہ حق کے آثار تم سے نمودار ہوں۔ کیونکہ تمہیں ہو عالمِ وجود کی پہلی ہستیاں۔ تمہیں ہو اولین عبادت گذار تمہیں ہو سب سے اول حق کو سجدہ کرنے والے اور تمہیں ہو سب سے اول کعبۂ امر کا طواف کرنے والے۔ اس خدا کی قسم جس نے اپنی مراد بیان کرنے کے لئے مجھے متکلم بنایا۔ کہ خود تمہارے پاس تمہارا ذکر جس قدر مشہور ہے اس سے کہیں زیادہ تمہارا ذکر ملکوتِ اعلیٰ میں مشہور ہے۔ خیال نہ کرو کہ یہ بات وہم ہے۔ کاش تم اس چیز کو دیکھ لیتے جسے تمہارا پروردگار رحمٰن دیکھ رہا ہے کہ تمہاری شان کی برتری اور تمہاری قدر کی عظمت اور تمہارے مقام کی بلندی تمہیں نظر آجاتی۔ ہم امیدوار ہیں کہ نہایت اُلفت و محبت اور دوستی کے ساتھ ایک دوسرے سے ایسا سلوک کرو گے کہ تمہارے اتحاد سے توحید کا علم بلند ہو جائیگا اور شرک کا جھنڈا اُکھڑ جائیگا۔ نیک کاموں اور خوشنودی کی باتوں میں ایک دوسرے سے سبقت لیجاؤ گے۔ خلق و امر خدا کا ہی ہے۔ وہ جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے اور جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے اور وہ یقیناً اقتدار و غلبہ و قدرت کا مالک ہے (اصل لوحِ مبارک مجموعۂ الواح صفحہ ۲۳۴/۲۳۲)

حضرتِ عبد البہاء کا سفرِ امریکہ

(دوسری قسط۔ سلسلہ کے لئے دیکھو پیامبر ماہ جنوری ۱۹۴۴ء جلد پنجم نمبر اول)

جہاز پر

۲۶ مارچ ۱۹۱۲ء۔ صبح ہوتے ہی حضرت عبد البہاء اپنے ہمراہیوں کے کمرے میں تشریف لے گئے۔ بعض تو ابھی سو رہے تھے اور بعض بستروں سے نکلے تھے۔ پھر سب کے سب جہاز کے بڑے کمرے میں آئے۔ حضرت شوقی افندی نے ایک مناجات تلاوت کی۔ جس کو سب نے بلکہ جہاز کے مسافروں نے بھی بڑے غور سے سُنا۔ تب قونسل روس مشرف ہوئے اور بابت تصوف کے متعلق ہونے لگی۔ بعض مشرقی فلسفہ دانوں کا خیال ہے کہ انسان پر حقیقتِ اصلیہ کا انکشاف ہوتا رہتا ہے۔ کچھ کہتے ہیں کہ انسان انکشاف کے بغیر ہی اپنی عقل کے ذریعے حقیقت کو جان سکتا ہے حضرت عبد البہاء نے تصوف کے متعلق فرمایا کہ اصفیا کا خیال یہ ہے کہ کائنات ایک سمندر کی طرح ہے اور مخلوق بمنزلۂ امواج۔ قونسل صاحب نے روح کے متعلق سوال کیا۔ حضرت عبد البہاء نے فرمایا کہ اس کا ادراک ممکن نہیں۔ جس طرح نچلا طبقہ اوپر کے طبقات کے قوانین کو نہیں سمجھ سکتا اسی طرح انسان عالمِ بالا کا ادراک نہیں کر سکتا۔ روسی قونسل صاحب بہت خوش ہوئے۔ مگر چونکہ انہیں نیپلز میں اترنا تھا حضرت عبد البہاء سے خدا حافظی کر کے تشریف لے گئے۔ اُسی شام کو ایک امریکن صاحب مشرف ہوئے اور اپنے سفر کے متعلق کچھ فرمانے لگے۔ حضرت عبد البہاء نے فرمایا:-

"آپ نے بہت سے ملک دیکھے اور بہت منظر ملاحظہ کئے ہیں۔ اب آپ رُوحانی ممالک کی سیر کریں۔ امریکن صاحب نے پوچھا کیا

اہلِ بہاء اناجیل کو حق تسلیم کرتے ہیں؟ حضرت عبدالبہاء نے جواب میں کہا کہ امر بہائی سب پیغمبروں اور سب آسمانی کتابوں کو تسلیم کرتا ہے اور فرمانے لگے کہ تعلیماتِ الٰہی دو قسم ہیں۔ ایک وہ جو اصولی ہیں اور کبھی نہیں بدلتیں۔ اور دوسری وہ جو فروعی ہیں اور وقت کے گذرنے سے بدل جاتی ہیں۔ مثلاً توراۃ کی شریعت حضرت مسیح کے ظہور کے وقت بدل گئی۔ اس کے بعد امریکن صاحب نے تناسخ یعنی آواگون کے متعلق سوال کیا۔ حضرت عبدالبہاء نے جواب میں فرمایا کہ یہ مسئلہ اس طرح نہیں جسطرح لوگوں نے سمجھا ہے۔ ہاں نوعِ انسانی کی رجعت ہوتی رہتی ہے۔ یعنی انسان اُن ہی صفات اور خواص کے ساتھ لوٹتے رہتے ہیں۔ روح تو جمادات کو نباتات اور نباتات سے حیوانات اور حیوان سے انسان کے درجات کو طے کرتی ہے۔ اور انسانی روح بھی عالمِ بالا میں رو بترقی ہوا کرتی ہے۔

اگلی شب جہاز میں دفتر کے دروازے پر ایک اعلان چسپاں کیا گیا کہ حضرت عبدالبہاء مسافرینِ جہاز کے لئے امر بہائی پر تقریر فرمائینگے اور جلسہ درجہ اول کے بڑے کمرے میں ہوگا۔ تقریباً پانچسو مسافر جمع تھے اور تقریر فقرہ بہ فقرہ انگریزی میں ترجمہ کی گئی۔ بہت رات گذر چکی تھی۔ صقلیہ (سسلی) کی آتش خیز پہاڑیاں دکھائی دینے لگیں اور وہاں کی بتیاں دور سے ایسی معلوم دیتی تھیں جس طرح رات کو ستارے نکلے ہوں۔ نظارہ نہایت ہی دلکش تھا۔

۲۹-۳۰ مارچ ۱۹۱۲ء

نیپلز اطالیہ میں ایک بڑا شہر ہے۔ وہاں جہاز لنگر ڈالے دیر تک ٹھہرا رہتا ہے۔ یاد رہے کہ اطالیہ اور ترکی آپس میں لڑ رہے تھے اور چونکہ حضرت عبدالبہاء اور آپکے ہمراہی سب مشرقی لباس میں تھے شہر جانا نامناسب تھا۔ ہم نے شہر کو دور سے ہی دیکھا کہ مزدور بندرگاہ میں کوئلہ لا رہے ہیں۔ تو حضرت عبدالبہاء نے فرمایا کہ یہ کام بڑا ہی سخت ہے۔ مالکوں کو چاہئے کہ مزدوروں کو کافی مزدوری دیں۔ بلکہ انھیں منافع میں شریک کریں تاکہ وہ قانع اور خوش رہیں۔

نیپلز میں چند امریکن احباب حضرت عبدالبہاء سے ملاقات کرنا چاہتے تھے اور ان میں مسٹر وڈکاک۔ ان کی بیوی اور لڑکی کینیڈا سے آئے تھے اور مسٹر آسٹن اور ان کی اہلیہ اور مس میتھیوز لنڈن سے آرہی تھیں۔ اور وہ سب ملکر نیویارک جا رہے تھے۔

نیپلز میں ہی سب کی آنکھوں کا ملاحظہ کیا گیا۔ اور جناب خسرو اور جناب میرزا منیر اور حضرت شوقی افندی کو امریکہ جانے کی اجازت نہ ملی ان کی آنکھیں خراب تھیں۔ چنانچہ ان تینوں کو واپس لوٹنا پڑا۔ اور ان کا نیویارک جانا ممکن نہ تھا۔

احباب کے لئے جدا ہونا مشکل ہوا کرتا ہے۔ مگر حضرت عبدالبہاء نے فرمایا کہ ہمیں خدا کی رضا پر راضی رہنا چاہئے۔

جہاز ۳۰ مارچ کی شام کو نیپلز سے چل پڑا۔ اب صرف تین شخص حضرت عبدالبہاء کے ہمراہ تھے۔ یعنی میرزا محمود زرقانی۔ سید اسد اللہ اور ڈاکٹر فرید۔ مگر خوش قسمتی سے چھ اور احباب ہمارے ساتھ ہو لئے۔ اور ہم سب نے مل کر چائے پی اور پھر بڑے کھانے والے کمرے میں کھانا کھانے گئے۔

حضرت شوقی افندی اُسوقت چھوٹے ہی تھے اور حضرت عبدالبہاء نے ان کی عدم موجودگی کا احساس کیا اور فرمایا خدا کے حواریین کو ہمیشہ ایسی مکالیف کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ چنانچہ حضرت مسیح کے شاگردوں کے ساتھ بھی جب وہ روما جا رہے تھے ایسا ہی سلوک روا رکھا گیا۔

شرقی اور غربی اس جہاز میں بڑی محبت اور تپاک سے ایکدوسرے سے ہم آغوش ہو رہے تھے۔ (باقی آئندہ)

حقیقت نہیں مٹتی

کلفت کے شراروں سے بھی اُلفت نہیں مٹتی
دنیا کے ستانے سے محبت نہیں مٹتی

سب اہلِ جہاں مل کے مٹائیں بھی تو ہرگز
اللہ کے بندوں کی جماعت نہیں مٹتی

گو لاکھ مصائب ہوں۔ کروڑوں غم و آلام
ارواحِ بہائی کی مسرت نہیں مٹتی

کیوں شاد ہو تم لفظ "بہائی" کو مٹا کر
حرفوں کے مٹانے سے حقیقت نہیں مٹتی

گو منکر و محجوب ہوں سب اہلِ زمانہ
اللہ کے فرمان کی شوکت نہیں مٹتی

دنیا کی ہر ایک چیز کو مٹنا ہے ضروری
پر دینِ الٰہی کی عمارت نہیں مٹتی

پیغام جہاں آئے ہیں کثرت سے ہماپے
اللہ کے پیغام کی وحدت نہیں مٹتی

وہ دین جو قدیم آج نئی شان سے آیا
تبدیل ہو صورت تو حقیقت نہیں مٹتی

(مصلحی)

اعمال و اخلاق

دنیا کا اچھا انتظام جبھی ہو سکتا ہے جبکہ سچے دین پر عمل کیا جائے۔ سچا دین ہی وہ چیز ہے جس پر قائم ہو کر لوگ اطمینان کی زندگی بسر کر سکتے ہیں جس قدر دین سے بے پروائی ہوگی اسی قدر سوسائیٹی میں تباہی ہوگی۔ دین کی رُوح انسان کو سچا پاکباز بنا دیتی ہے۔ بے دین آدمی مغرور اور بدعمل ہو جاتا ہے دین سے بے رغبتی غفلت کی نوبت ہے جو شریروں کی شرارت بڑھانے کا موجب ہے۔ شرارت کا نتیجہ سوسائیٹی میں بدنظمی اور دکھ ہے۔ مغربی اقوام کا تمدن جو دین کی روح سے خالی ہے اس مادی تمدن نے کیا کیا؟ آج تمام دنیا کیا دیکھتی ہے؟ یہی کہ اس بیدین تمدن نے تمام دنیا میں کھلبلی مچادی ہے بلکہ اب وہ خود اپنے ہاتھوں اپنا گلا کاٹ رہا ہے۔ بے شمار جہنمی ہتھیار تیار ہو گئے۔ ایسی بے رحمی سے قتل انسان واقع ہوا جس کی نظیر چشم عالم نے کبھی نہ دیکھی کیا ایک سچے اور زندہ دین کے سوا ان خرابیوں کا کوئی علاج ہو سکتا ہے؟ سچا دین وہی ہے جو تمام فسادات کو مٹاتا ہے۔ تعصبات کی آگ بجھاتا ہے۔ بنی نوع انسان کو ایک کرتا ہے۔ تمام انسانوں کو چاہیے کہ سچے دین کو قبول کریں اور جلد سے جلد اس کے احکام پر عمل پیرا ہوں۔

آج وہ دین جو تمام اختلافات کو مٹا کر سب کو ایک بنا رہا ہے اور انسان کو مادی اور روحانی ترقیات دینے کا ذمہ دار ہے وہ صرف دین بہائی ہے، جو دنیا کے تمام موجودہ مشکل مسائل کو نہ صرف حل کرتا ہے بلکہ قالب انسانی میں وہ رُوح پھونکتا ہے جو اُسے حیاتِ ابدی بخشتی ہے۔ اس دین میں تمام دینوں کی رُوح زندہ ہو کر کارفرما ہوئی ہے۔ تمام پیغمبروں کی روح حقیقت ایک نئی زندگی دے رہی ہے۔ دین بہائی جو اس زمانے میں آسمان ارادۂ الہی سے نازل ہوا۔ تمام دنیا کے لئے مضبوط قلعۂ امن ہے۔ اس کے احکام تمام قوموں کی حفاظت اور اتحادِ عالم کے لئے بہترین مؤثر عامل ہیں۔ بہائی ملت دنیا کے لئے ایک اعلیٰ ترین نمونہ ہے جسے دیکھکر اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ دینِ بہائی کے ذریعے اقوامِ عالم کا متحد ہو جانا نہ صرف ممکن بلکہ آسان ہے۔ مادی تنکا آنکھ پر آجائے تو تمام کائنات چھپ جاتی ہے۔ تعصب۔ لالچ۔ بزدلی غرور کے پردے دل پر پڑ جائیں تو پھر کیا نتیجہ ہوگا؟ روح کی روشنی ان پردوں میں اس طرح چھپ جائیگی جیسے بادل سے سورج چھپ جاتا ہے۔ دین وہ نورِ مبین ہے جو انسان کو سراسر نورانی بنا دیتا ہے۔ صرف دعوی نہیں بلکہ عمل چاہیئے۔ حضرت بہاء اللہ فرماتے ہیں:۔

"اے خدائی گروہ! اپنے وجود کو امانت و دیانت کی پوشاک سے مزین کرو۔ اعمال و اخلاق کے لشکروں سے اپنے پروردگار کی مدد کرو۔ ہم نے تمھیں اپنی کتابوں اور الواح میں، صحیفوں اور نوشتوں میں لڑائی جھگڑے اور فساد سے منع فرمایا ہے اور اس سے ہمارا مقصود بجز تمھاری سرفرازی اور سربلندی کے اور کچھ نہیں۔" (اشراقات)

آج نزاع و جدال ممنوع ہے۔ جو کچھ تمھارے پاس ہے وہ سب کو دکھادو۔ اگر قبول کریں تو بہت خوب ورنہ انھیں خدا کے حوالے کر دو۔ کسی کے رنج و ملال کا باعث نہ ہو۔ لڑائی جھگڑے کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ مذہبی بغض و کینہ انسانیت کے باغ کو جلا ڈالنے والی آگ ہے۔ محبت کے پانی سے اسے بجھا دو۔ دین اگر فساد کا باعث ہو تو اس سے بیدینی اچھی ہے۔ سیاسی و اقتصادی مشکلات کا حل بھی آج کے دین میں پورے طور پر ہے۔ عالمگیر تعلیم۔ عالمگیر زبان۔ عالمگیر برادری کا قائم کرنا فرض ہے۔ فرقہ وارانہ جھگڑے ہی تباہی کا موجب ہیں۔ اخلاق کی درستی سب سے بڑا کام ہے۔ حضرت بہاء اللہ فرماتے ہیں "کچھ شک نہیں کہ خوش خلقی خدا کی طرف سے مخلوق کے لئے سب سے بڑھکر زینت ہے جس سے خدا نے اپنے دوستوں کے بدن کو مزین کیا ہے۔ مجھے اپنی جان کی قسم کہ اس کا نور سورج کے نور سے زیادہ ہے۔ جو شخص اسے حاصل کرتا ہے اس کا شمار سب سے اچھے لوگوں میں ہے۔ جہان کی عزت اور بلندی سب اسی پر منحصر ہے۔ عمدہ اخلاق ہی لوگوں کو سیدھی راہ پر لگانے اور اس نبأ عظیم کی طرف راغب کرنے کا ذریعہ ہیں۔ وہ شخص بڑا خوش نصیب ہے جسمیں فرشتوں کی اعلیٰ جماعت کے اخلاق و اوصاف موجود ہوں۔" (طرازات)

نیز ارشاد فرماتے ہیں:۔ "لوگوں میں خدائی چال چلن سے رہو۔ ہر کوئی دیکھ لے کہ تم وہی کام کرتے ہو جو خدا کو پسند ہیں۔ دُنیا کے نت نئے جھگڑوں سے اثر اس نہ ہو۔ وہ سدا نہیں رہتے۔ باعزت بندے مٹنے والی چیز میں جی نہیں لگاتے۔ بہت ایسا ہوا ہے کہ بڑے بڑے عزت دار آن کی آن میں ذلیل ہو گئے۔ اور بڑے بڑے مالدار غریب ہی تھے تو اب اس چیز کے پیچھے لگو جس کی عزت کو ذلت نہ ہو۔ اور جس کی دولت کو محتاجی نہ دبا سکے۔ اپنی زندگی کی قسم۔ وہ چیز میرے نام کو مضبوط سے پکڑ لینا اور میرے پاک روشن دامن کو تھام لینا ہے۔"

قائم القیامہ

قیام اور قیامت دونوں مصدر ہیں۔ جیسے لفظ سلام اور سلامت ہیں۔ قیام اور قیامت کے معنی ہیں برپا ہونا۔ اٹھ کھڑا ہونا۔ بیٹھنے یا گرنے کے مقابلے میں کھڑا ہونا۔ چنانچہ قرآن مجید کی آیات اس کی شاہد ہیں۔

(۱) فما استطاعوا من قیام (ذاریات ۲) وہ لوگ اٹھ نہ سکے
(۲) یذکرون اللہ قیاماً (آل عمران ۲۰) وہ کھڑے ہو کر خدا کو یاد کرتے ہیں
(۳) اذا قمتم الی الصلوٰۃ (مائدہ ۲) جب تم نماز کے لئے کھڑے ہو
(۴) احق ان تقوم فیہ (توبہ ۱۲) وہ مسجد زیادہ مستحق ہے کہ تو اسمیں کھڑا ہو
(۵) قبل ان تقوم من مقامک (نمل ۳) اس سے پیشتر کہ تو اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہو۔
(۶) وھو قائم یصلی فی المحراب (آل عمران ۵) وہ مسجد کی محراب میں کھڑا نماز پڑھ رہا تھا۔
(۷) ما دمت علیہ قائماً (آل عمران ۹) جب تک تو اس کے سر پر کھڑا رہے
(۸) قاعداً وقائماً (یونس ۲) بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر
(۹) ترکوک قائماً (جمعہ ۲) آپ کو کھڑا ہوا چھوڑ دیا۔

قیام جیسا کہ ظاہری و جسمانی ہوتا ہے۔ معنوی و روحانی قیام بھی ہوتا ہے۔ چنانچہ آیات ذیل شاہد ناطق ہیں:۔

(۱) والذین ھم بشھاداتھم قائمون (معارج) جو لوگ اپنی گواہیوں پر قائم ہیں۔
(۲) من اھل الکتاب امۃ قائمۃ (آل عمران ۱۱) اہل کتاب میں سے ایک جماعت قائم ہے۔
(۳) اولوا العلم قائماً بالقسط (آل عمران) اہل علم انصاف پر قائم ہو کر توحید کی گواہی دیتے ہیں۔
(۴) ان تقوموا للیتامیٰ بالقسط (نساء ۱۹) یتیموں کی نگہداشت پر انصاف سے قائم رہو۔
(۵) قوموا للہ قانتین (بقرہ ۲۱) فرمانبردار ہو کر اللہ کے لئے کھڑے ہو جاؤ
(۶) کونوا قوامین للہ (مائدہ ۲) خدا کے لئے نہایت اچھی طرح قیام کرو۔
(۷) کونوا قوامین بالقسط (نساء ۲۰) انصاف پر مضبوطی سے قائم رہو
(۸) ان تقوموا للہ مثنیٰ وفرادیٰ (نساء ۱۹) خدا کے لئے دو دو اور ایک ایک کھڑے ہو جاؤ

(۹) وانہ لما قام عبد اللہ یدعوہ کادوا یکونون علیہ لبداً (جن ۱) جب بندۂ خدا (پیغمبر) قیام کرتا ہے تو لوگ اس پر مخالفانہ ہجوم کرتے ہیں۔

لغت | والقیامۃ اصلھا ما یکون من الانسان من القیام دفعۃ واحدۃ (مفردات راغب) لفظ قیامت کے اصل معنی ہیں انسان کا ایک دم اٹھ کھڑا ہونا۔

ثم اعلم انت یا اخی ان معنی القیامۃ مشتق من قام یقوم قیاماً والھاء فیہ المبالغۃ وھی من قیامۃ النفس وقوعھا فی بلائھا والبعث ھو انبعاثھا وانتباھھا من نوم غفلتھا و رقدۃ جہالتھا وھی بالفارسیہ راستخیز ای قیاماً مستویٰ (الرسالۃ السابعہ فی البعث والقیامہ من رسائل اخوان الصفا وخلان الوفا)

برادر من خوب سمجھ لیجئے کہ لفظ قیامت قام یقوم قیاماً سے ہے۔ تا اسمیں مبالغہ کے لئے لگا دی گئی ہے۔ نفس انسانی کا روحانی طور پر اندر اوپر سے اٹھ کھڑا ہونا قیامت ہے اور بعث سے مراد خواب غفلت جہالت سے اٹھ کھڑا ہونا ہے۔ سیدھا کھڑا ہو جانا۔

خداوند عالم قیوم ہے یعنی بذات خود قائم اور مخلوق کو قیام وجود عطا فرماتا ہے۔ یہ صفت قیوم ازل سے ابد تک جلوہ گر ہے۔ ہر ذرہ اور ہر قطرہ اسی صفت قیوم کا پرتو ہے۔ اسم قیوم کا ظہور تمام مخلوقات میں ہے لیکن عالم جمادات۔ عالم نباتات۔ عالم حیوان اور عالم انسان میں ظہور قیومیت مختلف درجات میں ہے۔ عالم انسان میں بھی مختلف درجات ہیں سب سے بلند مقام پر وہ مظاہر قیومیت ہیں جو خدا کی اعلیٰ ترین تجلیات کا مورد ہوتے ہیں۔ وحی الٰہی کا ہبوط اور جلوۂ ربوبیت کا ظہور ہوتے ہیں۔ یعنی صاحبان شریعت پیغمبر جو مستقل فرمان لاتے ہیں۔ نئی امتیں برپا کرتے ہیں۔ عالم انسانی کو نئی ترقی دیتے ہیں نیا دور چلاتے ہیں۔

خداوند قیوم کا مظہر امر جب قیام کرتا ہے۔ انسانیت کا نیا قیام ہوتا ہے۔ خلق جدید یعنی نئی امت برپا ہوتی ہے۔ اسی زمانے کو یوم قیامت یا قیامت کا دن کہتے ہیں۔ انعدام کائنات یا فنائے عالم کو قیامت نہیں

کہہ سکتے۔ کیونکہ قیام اور انعدام دو متضاد لفظ ہیں۔ مٹ جانے کو برپا ہونا کس طرح کہا جا سکتا ہے۔ کسی کتاب الٰہی میں یا قرآن کی کسی ایک آیت میں بھی فنا ئے عالم کو قیامت نہیں کہا اور نہ کسی لفظ سے یہ ثابت ہے کہ قیامت کے دن کائنات یا کرۂ ارض فنا و معدوم ہو جائے گا۔

نوع انسان بہترین مخلوق ہے۔ نوعِ انسان میں سب سے بہتر و برتر پیغمبر ہوتے ہیں۔ جنھیں خداوند عالم اپنی مشیّتِ مطلقہ سے اپنے امر پر قائم کر کے اپنی امری و کلامی تجلّی کا مقام ظہور پیغمبر کو ہی بناتا ہے۔ پیغمبر سے خطاب کر کے فرماتا ہے "اصطنعتک لنفسی" میں نے تجھے خود اپنے لئے قولی بنایا ہے۔ اس کی تشریح خود فرما دی "اصطفیتک برسالاتی وبکلامی" میں نے تجھے اپنی پیغام رسانی اور کلام کے لئے منتخب فرمایا ہے۔ پیغمبر کو قائم کر کے مخلوق کو حکم دیتا ہے "فاذا سویتہ ونفخت فیہ من روحی" جب میں اپنے قائم مقام کو تیار کر کے اس میں اپنی روح پھونک دوں۔ اسی قیام و تجلّی الٰہی سے وجودِ پیغمبر خدا کا جلوہ گاہ بن جاتا ہے۔ جہاں الٰہی تجلیات کا ظہور و قیام ہوتا ہے۔ یہی وہ مقامِ تجلّی ہے جس کے متعلق فرمایا "ولمن خاف مقام ربہ جنتٰن"۔ جو شخص خدا کے قیام گاہ کی نسبت خوف و خشیت سے کام لیتا ہے اسے دو جنتیں ملتی ہیں۔ ایک اسی زندگی میں ایمان و عرفان کی جنت۔ دوسری مرنے کے بعد حیاتِ ابدی کی جنت خداوند عالم فرماتا ہے "ذٰلک لمن خاف مقامی وخاف وعید" یہ بات اس شخص کو حاصل ہوتی ہے جو میرے جلوہ گاہ کی نسبت خوف و خشیت سے کام لے اور قانونِ عذاب سے ڈرتا ہے۔ ان آیتوں میں خداوند عالم نے "مقام ربہ" اور "مقامی" فرما کر صاف بتا دیا ہے کہ خدا کا قیام گاہ یا جلوہ گاہ ہوتا ہے۔ لفظ مقام مصدر بھی ہے یعنی قیام اور ظرفِ مکان بھی ہے یعنی جائے قیام اور ظرفِ زمان بھی ہے یعنی وقتِ قیام۔ یہ ایک کلمۂ جامعہ ہے جو خدا نے قیامت کی حقیقت بتانے کے لئے نازل فرمایا ہے۔ یہ امر مسلّم ہے کہ خداوند عالم قیام کے فعلِ حادث سے اور زمان و مکان سے منزّہ ہے۔ لہٰذا اس کے معنی یہی ہیں کہ خدا کی تجلّی الٰہی و جلوہ گاہ ہوتا ہے جس میں وہ تجلّی الٰہی قیام و ظہور فرماتی ہے۔ اور وہ اس عالم خلق میں وجودِ پیغمبر ہے جسے خدا نے اپنے خاص ظہور کے لئے بنایا ہے اور جس میں اپنی روحِ مقدس متجلّی فرمائی ہے۔ لفظ مقام میں تینوں خاصیتیں ظاہر فرما دی ہیں کہ (۱) خدا کا قیام و ظہور ہوتا ہے (۲) اس کے قیام و ظہور کا مقام و جلوہ گاہ ہوتا ہے (۳) اس کے قیام و ظہور کا زمانہ ہوتا ہے۔ پیغمبر میں تجلّی الٰہی کا قیام قیامت ہے۔ جب یہ قیام و ظہور ہوتا ہے وہ زمانہ یومِ قیامت ہے۔

اس جگہ یہ بات سب کو مسلّم ہے کہ "مقامی" و "مقام ربہ" میں روزِ قیامت قیام ہی مراد ہے۔

جب خداوند عالم وجودِ پیغمبر پر جلوہ گر ہو کر قیام فرماتا ہے تو سب سے اوّل وہی پیغمبر خدا کے حضور کھڑا ہو جاتا ہے۔ خدا اسے حکم دیتا ہے "قم فانذر" تو اٹھ اور دنیا کو ہوشیار کر دے۔ خدا اور پیغمبر پکارتے ہیں "قوموا للہ قانتین" اے لوگو! خدا کے حضور عاجزی و فرمانبرداری کرتے ہوئے کھڑے ہو جاؤ۔ "یوم یقوم الناس لرب العالمین"۔ اس دن لوگ رب العالمین کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

جب خداوند عالم اپنے پیغمبر پر جلوہ گر ہوتا ہے تو یہ وقت خدا اور بندے کے ملنے کا خاص وقت ہوتا ہے۔ سب سے پہلے اور سب سے بڑھ کر پیغمبر کو لقاء الٰہی حاصل ہوتی ہے اور پیغمبر کے ذریعے پھر تمام انسانوں کو لقاءِ الٰہی کی نعمت ملتی ہے۔

یلقی الروح من امرہٖ علیٰ من یشاء من عبادہٖ لینذر یوم التلاق	خدا اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنی روحِ امر جلوہ گر کر دیتا ہے

تاکہ وہ ملاقات کے دن لوگوں کو ہوشیار کرے یا ملاقات کے دن سے لوگوں کو ڈرائے (کہ محروم نہ ہوں)

جب روحِ الٰہی پیغمبر کو ملتی ہے اسی کی نسبت فرماتا ہے "یوم یقوم الروح والملٰئکۃ صفّا" (سورۂ نبا) اس دن روح کا قیام ہوتا ہے۔ ملائکہ صف بستہ ہوتے ہیں یہی نفوس مقدسہ انسانیہ تجلّی الٰہی کا شہود کرتے ہیں۔ "یوم یقوم الاشہاد"۔ جس دن شہود کرنے والے برپا ہوتے ہیں۔

پس ان تمام آیات سے ظاہر ہوا کہ یومِ قیامت وہ زمانہ ہے جب خداوند قیوم اپنے مظہرِ امر کے عرش وجود پر قیام و ظہور فرماتا ہے۔ مظہرِ الٰہی برپا ہوتا ہے بندے "قائمین بالقسط" بن کر خدا کے لئے اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ جدید شریعت قائم ہوتی ہے نئی قوم و امتِ قائمہ پیدا ہو جاتی ہے۔

برزخ؟

جنوری ۱۹۴۳ء میں ہندوستان کے مشہور علماء اور جدید روشنی کے اکابر اہل اسلام کی خدمت میں مطبوعہ ٹریکٹ صورت میں کچھ سوالات (۱) عذاب قبر (۲) برزخ (۳) تناسخ کی (۴) یوم البعث (۵) حشر اجساد (۶) دیدار خداوندی کے متعلق کئے گئے تھے۔ یہ وہ عنوانات تھے جسے ہر مسلمان اپنے ایمان کا جزو خیال کرتا ہے مگر چونکہ ہمارے نزدیک ان عقائد کو غلط طور پر سمجھا گیا ہے۔ اس لئے وہ جملہ اعتراضات ان عقائد پر وارد ہوتے ہیں جو ہم نے اپنے ٹریکٹ میں کئے ہیں۔ جواب دینے کی مہلت دو ماہ تک تھی۔ مگر قدیم اور جدید روشنی کے اکابر اہل اسلام جواب سے عہدہ برآ نہیں ہو سکے اور نہ انشاء اللہ رہتی دنیا تک جواب دے سکینگے

اس عرصہ میں مولانا تمنا عمادی مجیبی آف پھلواری شریف ضلع پٹنہ نے ایک مختصر سا قلمی جواب بھجوایا۔ جسے خلاصۃً "امت مسلمہ امرتسر" کے آرگن مجلہ "البیان" نے شائع کیا ہے۔ "یہ امت اکثر عقائد میں احادیث سے بے نیاز ہے"۔ ہمیں اس سے کچھ تعرض نہیں۔ ہمارے سوالات احادیث اور قرآن مجید ہر دو کے ماننے والوں سے ہیں۔ اگر اسلام کا کوئی فرد کسی حدیث کو نہیں مانتا، نہ مانے۔ مگر ہمارے ان سوالات کا جواب ضرور آنا چاہئے تھا جو قرآن کریم سے ماخوذ ہیں۔ چنانچہ مولانا تمنا نے "عذاب قبر" کی روایات کو مہمل اور لغو قرار دیتے ہوئے لکھا ہے۔

"عالم برزخ کو عالم قبر بھی کہتے ہیں" (ملخصاً از مکتوب مولانا تمنا)

برزخ کیا ہے؟ اس کے متعلق مولانا لکھتے ہیں "برزخ کا ذکر قرآن میں موجود ہے ومن ورآئھم برزخ الی یوم یبعثون۔ ان کے آگے یوم البعث تک کے لئے ایک روک (اوٹ) ہے (کہ پھر یہ دنیا کی طرف رجوع نہ کر سکیں)" مکتوب صفحہ "برزخ کی دیوار ایسی نہیں جس کو پھاند کر پھر دنیا میں آجا سکے" (صفحہ) "عالم وراء برزخ کو عالم برزخ کہتے ہیں صفحہ"

کیا یہ فرضیات کا مجموعہ نہیں؟ جبکہ برزخ کے معنی ہیں روک بینھما برزخ لا یبغیان (الرحمن۔ آیت ۲۰) ان دو دریاؤں کے بیچ میں ایک روک ہے جس کی وجہ سے وہ باہم نہیں مل سکتے۔ کیا آپ دو سمندر دریا کو عالم برزخ کہینگے۔ اس لئے کہ یہاں برزخ کا لفظ ہے۔ اگر ایسا نہیں تو ومن ورائھم برزخ میں مرنے کے بعد کی روک کو کس قاعدہ اور کس محاورہ کے ماتحت عالم برزخ کہا جاتا ہے؟ فتفکروا

دوسری جگہ انہی دریاؤں کے متعلق فرمایا وجعل بینھما برزخا وحجرا محجوراً (الفرقان، آیت ۵۳) اور ان دونوں کے درمیان ایک روک بنا دی۔ حجراً محجوراً (حائل شدہ روک) پس جبکہ برزخ کے معنی صرف روک ہیں نہ کہ کوئی "عالم" تو ومن ورائھم برزخ سے یہ سمجھنا کہ مرنے کے بعد بھی کسی عالم میں ارواح الی یوم القیامہ بحالت منتظرہ رکھی جاتی ہیں قرآن کریم سے قطعی ناواقفیت کا نتیجہ ہے کیونکہ قرآن کریم میں "برزخ" کا لفظ کہیں بھی "عالم دیگر" یا "عالم ارواح" کے لئے استعمال نہیں ہوا۔

دوسری بات قابل غور یہ ہے کہ یہ عالم برزخ کیا صرف کفار ہی کیلئے ہے؟ کیونکہ ومن ورائھم کی ضمیر کفار کی جانب راجع ہے۔ یہاں ہر مرنے والے کا ذکر نہیں ہے تاکہ یہ استدلال کیا جا سکے کہ کافر اور مومن مر کر عالم برزخ میں جاتے رہتے ہیں۔ تمام قرآن کریم میں ایک بھی آیت ایسی نہیں ہے جس میں یہ ذکر ہو کہ مومن مرنے کے بعد "عالم برزخ" میں رہتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو پیش کیجئے۔

رہا آل فرعون کا صبح شام آگ پر پیش کیا جانا۔ سو یہ بھی کفار ہی کا ذکر ہے۔ اس سے بھی یہ لازم نہیں آتا کہ مومن بھی صبح شام جنت پر پیش کئے جاتے ہیں رہی یہ بات کہ پھر یہ کون سی آگ ہے؟ جس پر آل فرعون صبح شام پیش کئے جاتے ہیں۔ سو یہ وہی آگ ہے جس کی طرف وہ دعوت دیتے تھے تدعوننی الی النار مومن آل فرعون نے کہا "تم مجھے النار کی طرف دعوت دیتے ہو"۔ ادعوکم الی النجوٰۃ" (المومن۔ ۴۱) "میں تمہیں نجات کی جانب دعوت دیتا ہوں"۔ نجات کیا ہے؟ تاج العروس میں لکھا ہے "الارتفاع من الھلاک یعنی ہلاکت سے بلند ہو جانا"۔ یعنی مومن آل فرعون، آل فرعون کو ہلاکت کے گڑھے سے نکالکر نجات کی بلند سطح پر لانا چاہتا تھا اور آل فرعون ہلاکت کے گڑھے میں تھے۔

یہ ہلاکت کے گڑھے کون سے تھے؟ فرمایا وما کید فرعون الا فی تباب (المومن۔ آیت ۳۷) فرعون کی تدبیر ہلاک ہی ہونیوالی تھی" پس فرعون اور آل فرعون ہلاک ہونیوالی تدابیر میں منہمک ہونے کی وجہ سے ہلاکت کے گڑھے میں موجود تھے۔ اسی امر کی طرف مومن آل فرعون نے اشارہ کیا تدعوننی الی النار تم تو مجھے ہلاک کرنیوالی تدابیر کی جانب دعوت دیتے ہو۔ بلکہ یہاں تک کہا ان المسرفین ھم اصحاب النار (المومن۔ آیت ۴۳) حد سے گذرنے والے ہی (جیسا کہ تم حد سے گذر گئے ہو) آگ کے رہنے والے ہیں۔ یہ نہیں کہا کہ تم آگے جا کر آگ میں رہو گے۔ بلکہ کہا کہ تم اسی وقت آگ میں ہو۔ مختصر یہ کہ آل فرعون کی ہلاک ہو جانیوالی تدابیر کو یہاں النار کہا ہے

جیسا کہ فرمایا:- "فوقٰہ اللّٰہ سیّئاٰت ما مکروا" سو اللہ نے مومن آلِ فرعون کو اُن کے مکرانہ نتائج سے بچا لیا۔ "وحاق بآلِ فرعون سوء العذاب"۔ اور فرعون کے لوگوں کو برے عذاب نے آ لیا۔ "النّار یُعرضون علیھا غدوًّا وعشیًّا"۔ آگ ہے جس پر وہ صبح اور شام پیش کئے جاتے ہیں۔

پس حاق سوء العذاب سے یہ سمجھ لینا کہ آلِ فرعون سب مرگئے تھے، قطعی غلط ہے۔ کیا "یستعجلونک بالعذاب وانّ جھنّم لمحیطۃٌ بالکٰفرین" (العنکبوت۔ آیت ۵۴) تجھ سے عذاب کے لئے جلدی کر رہے ہیں اور یقیناً دوزخ نے کافروں کو سب طرف سے گھیرا ہوا ہے کے یہ معنے ہیں کہ کافر مر گئے اور جہنم میں داخل ہو گئے؟ اگر ایسا نہیں جیسا کہ یقیناً نہیں تو حاق سوء العذاب سے یہ سمجھنا کہ آلِ فرعون کسی برے عذاب سے مر گئے اور برزخ میں وہ صبح شام آگ پر پیش کئے جاتے ہیں کیونکر درست ہے؟

پس جب کافروں کو جہنم کے گھیر لینے سے یہ لازم نہیں آتا کہ سب کافر مر گئے یا مر جاتے ہیں تو حاق سوء العذاب سے یہ کیونکر لازم آیا کہ آلِ فرعون مر گئے تھے؟ اور نہ ہی یہاں کوئی مر جانے کا لفظ ہے۔ پس مطلب صاف ہے کہ آلِ فرعون اپنی ہلاک ہونے والی تدابیر کے جال میں پھنس کر رہ گئے اور اُن کی صبح اور شام اسی ہلاک ہونیوالی تدابیر کی آگ میں بسر ہوتی تھیں "ویوم تقوم السّاعۃ" اور جس وقت موت کی گھڑی قائم ہو جاتی تھی کہا جاتا تھا "ادخلوا آلَ فرعون اشدّ العذاب" (آیت ۴۶) آلِ فرعون کو اشد ترین عذاب میں داخل کر دو۔

یہاں السّاعۃ کے لفظ سے دھوکا لگا ہے۔ جس کے معنے عدم تدبّر فی القرآن کی وجہ سے قیامت سمجھے گئے ہیں۔ حالانکہ قرآن مجید میں دوسری جگہ فرمایا "قل اَرَءیتکم ان اتٰکم عذاب اللّٰہ او اتتکم السّاعۃ اغیر اللّٰہ تدعون ان کنتم صٰدقین" (الانعام۔ آیت ۴۰) کہدو بتاؤ اگر اللہ کا عذاب تم پر آ جائے یا السّاعۃ (موت) تم کو آ لے تو کیا تم اللہ کے سوا (کسی اور کو) پکارو گے؟ اگر تم سچے ہو؟ یہاں السّاعۃ کے معنے بجز موت کے کچھ نہیں ہیں۔ پس یوم تقوم السّاعۃ سے یہ سمجھ لینا کہ کسی فرضی برزخ کے ختم ہو جانے تک کا نام قیامت ہے قطعی غلط ہے مطلب یہ ہے کہ آلِ فرعون اپنی زندگی بھر تو صبح شام اپنی ہلاک ہونیوالی تدابیر کے جہنم میں رہے۔ جو انہیں گھیرے ہوئے تھا اور اپنی موت کے وقت اس سے بھی شدید ترین عذاب میں داخل کر دئے گئے۔

یہی بات کہ یہ مضمون بصیغۂ مضارع ہے۔ سو اس قسم کی صدہا مثالیں قرآن مجید میں موجود ہیں۔ ایسے مضامین کا استمراری رنگ میں بیان کرنا خود اس امر کی شہادت ہے کہ ایسے واقعات ہر رسول کے دور میں جاری وساری رہتے ہیں۔ مثلاً فرمایا "انّ الّذین یکفرون بایٰت اللّٰہ ویقتلون النّبیّین بغیر حقٍّ ویقتلون الّذین یأمرون بالقسط من النّاس فبشّرھم بعذابٍ الیم" (آلِ عمران ۲۰) یعنی وہ لوگ جو اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہیں اور نبیوں کو ناحق قتل کرتے ہیں اور اُن کو قتل کرتے ہیں جو لوگوں میں سے انصاف کا حکم دیتے ہیں انکو دردناک دُکھ کی خبر دیدو۔

ملاحظہ کیجئے یہاں یکفرون۔ یقتلون بصیغۂ مضارع واقع ہیں مگر مسلم قوم اپنے عقیدہ کی رو سے آیات اللہ کے نزول اور انبیاء کے ظہور کو ختم کئے بیٹھی ہے۔ حالانکہ نزولِ آیات اللہ اور قتلِ انبیاء کو عادت جاریہ وساریہ قرار دیا گیا ہے۔

مختصر یہ کہ قرآن کریم کی کسی آیۂ مبارکہ سے کوئی "عالمِ برزخ" ثابت نہیں ہے جس میں ہزارہا ہزار سال کے مُردے کسی فرضی قیامت کے انتظار کے لئے رکھے جاتے ہیں۔

علامہ تمنا اسی فرضی برزخ کو "عالمِ قبر" قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ "اگر عذابِ عالمِ قبر کو حق کہا گیا تو حق کہا گیا" (مکتوب ص ۲) پس امتِ مسلمہ کا فرض ہے کہ وہ اپنا سارا زور لگا کر یہ بات ثابت کرے کہ "عالمِ برزخ" بھی کوئی "عالم" ہے جبکہ "برزخ" کے معنی ہیں "روک" اور "روک" کوئی عالم نہیں ہوتا۔

آئندہ مضمون میں انشاء اللہ ہم "برزخ" کے متعلق ایک مبسوط مقالہ سپردِ قلم کریںگے جس میں برزخ پر مبسوط بحث ہوگی۔ اگر امتِ مسلمہ برزخ کو کوئی عالم ثابت نہ کر سکی تو اُسے چاہئے کہ اپنا عقیدہ از روئے قرآن مجید صحیح کر کے پیش کرے۔ فقط

ایم۔ اے۔ صمدانی۔ دہلی
15 - 5 - 44

ایڈیٹر۔ پرنٹر پبلشر سید محفوظ الحق علمی نے
جید برقی پریس بلیماران دہلی
میں چھپوا کر
دفتر پیامبر ملکہ گنج روڈ دہلی سے
شائع کیا